LCI

LUCKY CORE INDUSTRIES

**Lucky Core Industries Limited**
5 West Wharf, Karachi 74000

T +92 21 3231 3717-22
UAN 111 100 200

www.luckycore.com

# نیوز ریلیز

## لکی کور انڈسٹریز نے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے نتائج کا اعلان کر دیا؛ 310 فیصد حتمی نقد منافع منقسمہ (ڈیویڈنڈ) کا اعلان

## ''ایل سی آئی'' مشترکہ طاقت کے ذریعے ترقی کی راہ پر گامزن ہے

**کراچی، 01 اگست 2025**

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے بعد، لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ ('کمپنی') نے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے سال کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔

## مالیاتی جھلکیاں

- مربوط بنیاد پر (بشمول کمپنی کے ماتحت ادارے لکی کور پاور جن لمیٹڈ کے نتائج) کمپنی نے زیر جائزہ سال کے دوران 119,941 ملین روپے کی خالص مجموعی فروخت ظاہر کی ہے، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے (SPLY) کے مقابلے میں 1 فیصد کمی کی نشاندہی کرتی ہے۔
- مربوط آپریٹنگ نتائج 18,031 ملین روپے رہے، جو گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 5 فیصد زیادہ ہیں۔
- مجموعی بنیادوں پر، زیر جائزہ سال کے لیے 11,757 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع (PAT) اور ہولڈنگ کمپنی کے مالکان سے منسوب *25.46 روپے فی شیئر آمدنی (EPS) گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں دونوں 5 فیصد زیادہ ہیں۔
- انفرادی بنیادوں پر، زیر جائزہ سال کے لیے منافع بعد از ٹیکس اور فی شیئر آمدنی بالترتیب 11,638 ملین روپے اور *25.20 روپے گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں دونوں 4 فیصد زیادہ ہیں۔

* سال کے لیے فی شیئر آمدنی (EPS) کو -/10 روپے فی شیئر سے -/2 روپے فی شیئر میں اسٹاک اسپلٹ کی عکاسی کرنے کے لیے ای پی ایس (EPS) کو دوبارہ بیان (Restate) کیا گیا ہے۔ اسٹاک اسپلٹ کے نتائج کو نافذ کرنے کے لیے ریگولیٹری رسمی کارروائیاں مالی سال کے اختتام کے بعد 19 جولائی 2025 کو مکمل کی گئیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے 310 فیصد (یعنی -/2 روپے والے ہر شیئر کے لیے -/6.20 روپے فی شیئر) کی شرح سے حتمی نقد منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے۔ یہ 340 فیصد کے اس عبوری نقد منافع منقسمہ (یعنی -/10 روپے والے ہر شیئر کے لیے -/34 روپے فی شیئر) کے علاوہ ہے، جو پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے (اسٹاک اسپلٹ سے پہلے)۔

نتائج کے اعلان کے بعد ''ایل سی آئی'' کے چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے کہا ''ایک ایسے سال میں جو اقتصادی تبدیلی اور نمو پذیر صنعت کی حرکیات سے متاثر ہوا، میکرو انڈیکیٹرز نے استحکام کی ابتدائی علامات ظاہر کیں۔ تاہم، عملی ماحول چیلنجنگ رہا، جس میں کمزور طلب نے بالخصوص سال کی دوسری ششماہی میں اہم شعبوں کو متاثر کیا۔ اس پس منظر میں لکی کور انڈسٹریز نے مستحکم کارکردگی اور منافع میں پائیدار اضافے کا مظاہرہ کیا، جو ہمارے متنوع پورٹ فولیو، کاسٹ ڈسپلن اور عملی مہارت کی قوت کی عکاسی کرتا ہے۔ جب ہم مستقبل کی طرف دیکھتے ہیں تو زندگیوں کو بہتر بنانے کے اپنے مشترکہ مقصد سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں، جو اشتراک، لچک اور مل کر کام کرنے کی طاقت کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔''

## لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ کے بارے میں:

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ پاکستان میں قائم ایک معروف مینوفیکچرنگ اور ٹریڈنگ کمپنی ہے جو متنوع کاروبار پر مشتمل ہے: پولیسٹر، سوڈا ایش، کیمیکلز، ایگری سائنسز، فارماسیوٹیکلز اور انیمل ہیلتھ۔ ان کاروباروں کے ذریعے کمپنی پولیسٹر اسٹیپل فائبر (PSF)، سوڈا ایش، جنرل اور اسپیشلٹی کیمیکلز، فارماسیوٹیکل، نیوٹراسوٹیکل، انیمل ہیلتھ پراڈکٹس اور زرعی مصنوعات (بشمول کیمیکلز، فیلڈ کراپ بیج، سبزیوں کے بیج اور مزید بہت کچھ) سمیت مصنوعات کی ایک وسیع رینج تیار اور ان کی تجارت کرتی ہے۔ نیوٹریشن کے شعبے میں کمپنی سے وابستہ ذیلی کمپنی نیوٹری کومورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ مقامی طور پر مورینا گا ملک انڈسٹری کمپنی لمیٹڈ، جاپان کی مصنوعات پاکستان میں تیار، درآمد، مارکیٹ اور تقسیم کرتی ہے۔
لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ یونس برادرز گروپ (YBG) کا حصہ ہے، جو سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والے اور نمو پذیر پاکستانی گروپوں میں سے ایک ہے، جس کے کاروبار کا وسیع پورٹ فولیو ہے، جس میں درج ذیل شامل ہیں، تاہم یہ صرف انہی تک محدود نہیں: سیمنٹ، ٹیکسٹائلز، پاور جنریشن اور کموڈیٹی ٹریڈنگ۔

مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی وزٹ کریں: www.luckycore.com

مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی رابطہ کریں:

**لیلیٰ بھائیہ باوانی**
کمپنی سیکرٹری

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ
021-111-100-200
Laila.Bawani@luckycore.com